# انڈیا فاؤنڈیشن فار دی آرٹس

# (آئی ایف اے)

# کے اپنے "آرٹس پریکٹس" پروگرام کے تحت

# "آرٹس پلیٹ فارمز" کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔

# آخری تاریخ: 31 اگست 2026

"آرٹس پریکٹس" پروگرام ایسے منصوبوں کو نافذ کرنے کی کوشش کرتا ہے جہاں فنکار اپنے موجودہ طریقۂ کار یا مہارتوں کو نئی سمتوں میں وسعت دیں۔ یہ منصوبے تسلیم شدہ روایات پر سوال اٹھا سکتے ہیں، مواد (کنٹینٹ)، فارم اور میڈیم میں نئی سرحدوں کو چھو سکتے ہیں، اور تجرباتی جذبے کو اولیت دیتے ہوئے جگہ (اسپیس)، ناظرین اور برادریوں کے ساتھ رابطے کے نئے طریقے تلاش کر سکتے ہیں۔

## آرٹس پلیٹ فارمز

بطور فنکار، ہم اکثر آرٹ کی تخلیق کے ذریعے اکٹھے ہونے، تعاون کرنے اور اجتماعی عمل کو متحرک کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ جب مختلف خطوں، طریقوں اور نسلوں کے فنکار جمع ہوتے ہیں، تو یہ انہیں تصورات اور تکنیکوں پر بحث کرنے، جدت لانے اور تبدیلیاں کرنے کے لے ہم مرتبہ گروپس، نیٹ ورکس اور cohorts (ٹولیاں) بنانے کے قابل بناتا ہے۔ علم کے تبادلے، مکالمے، مباحثے، سیکھنے اور

اجتماعی ترقی کے لیے جگہیں پیدا کرکے، یہ پلیٹ فارمز، فنی توانائیوں کے غیر متوقع ملاپ کے لیے اہم incubators (پرورش گاہیں) بن جاتے ہیں۔

ایسے نیٹ ورکس ترقی پسند فنکاروں کو سماجی و سیاسی واقعات پر متحرک انداز میں ردعمل ظاہر کرنے، فنی سرگرمیوں کے لیے پائیدار فریم ورک تیار کرنے، لچکدار آرٹ کمیونیٹیز تعمیر کرنے، اور اب تک کی ان سنی آوازوں کو سننے کے لیے اہم جگہیں فراہم کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ وسائل کو اکٹھا کرکے اور مشترکہ ملکیت کی حوصلہ افزائی کرکے، آرٹس پلیٹ فارمز (Arts Platforms) ایسے تخلیقی ماحول کی پرورش کرتے ہیں جو شمولیت، موافقت، اور طویل مدتی اثرات کو ترجیح دیتے ہیں، جس سے یہ یقینی بنتا ہے کہ فنی طریقے بدلتے ہوے حالات کے مطابق رہیں۔ یہ فنونِ لطیفہ میں جدت، یکجہتی، اور اجتماعی طاقت کو اہمیت دیتے ہے۔

آرٹس پریکٹس پروگرام کے تحت، ہم آرٹس پلیٹ فارمز کے لیے ایسی تجاویز طلب کرتے ہیں جن میں ورکشاپس، ریزیڈینسیز (residencies)، اور فنکاروں کے اجتماعات جیسی صورتِ حال شامل ہو سکتی ہے، جو نیٹ ورکس اور مقامات( جسمانی، آن لائن یا دونوں کا ملاپ) کو قائم کرنے اور انہیں متحرک کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان اقدامات کو کسی ایک شعبے یا مختلف شعبہ ہائے فن سے تعلق رکھنے والے فنکاروں کو ایک مشترکہ بنیاد پر اکٹھا کرنا چاہیے، جس کا مقصد تبادلے کو فروغ دینا، باہمی تعاون کی پرورش کرنا، تخلیقی صلاحیتوں کو ممکن بنانا، اور ان کے فنکارانہ طریقۂ کار کے پائیدار تسلسل کی حمایت کرنا ہے۔

پروجیکٹ کا دورانیہ (Duration of the project)

12 ماہ تک

بجٹ (Budget)

زیادہ سے زیادہ 3,00,000 روپے تک

## کون درخواست دے سکتا ہے؟ ( Who can apply? )

ہم ان پریکٹیشنرز (فنکاروں / ماہرین) کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں جو اپنے شعبے کے اندر یا مختلف شعبوں کے درمیان کام کر رہے ہیں۔ ان میں شامل ہو سکتے ہیں :

- پرفارمنگ آرٹسٹ (فنکار): جو موسیقی، آواز (sound), متن (text), رقص، موومنٹ (movement) حرکات و سناکات، تھیٹر، پتلی تماشا (puppetry)، کہانی گوئ (storytelling)، جادو، سرکس اور دیگر پرفارمنگ آرٹس میں کام کر رہے ہوں۔

- بصری فنکار (وزیول آرٹسٹ ): جو تمام اشکال میں کام کر رہے ہوں، بشمول فلم (نان فکشن اور فکشن)، اینیمیشن،فوٹوگرافی، انسٹالیشن، نیو میڈیا، کریٹو کوڈنگ، گیمنگ، کانسیپٹ آرٹ، پینٹنگ، مجسمہ سازی، پرنٹ میکنگ، کامک بکس، گرافک نیریٹو، آرٹسٹ بکس، اور دیگر بصری فنون۔

- کیوریٹرز (curators): خاص طور پر وہ لوگ جو گیلری کے روایتی ماحول سے باہر کام کر رہے ہوں۔
- ادبی فنون( literary arts) سے وابستہ افراد: جیسے شعراء، ناول نگار، مختصر افسانہ نگار، ڈرامہ نگار، فلم اسکرپٹ رایٹرز، کامکس رایٹرز، گیم رایٹرز، اور کریٹو نان فکشن رایٹرز۔
- بین العلومی (interdisciplinary) کام کرنے والے ماہرین: ایسے پریکٹیشنرز جو ایک سے زیادہ شعبوں کو ملا کر کام کرتے ہیں۔

درخواست جمع کرنے کی ہدایات (submission guidelines)

آپ اپنی تجویز (proposal) انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں لکھ سکتے ہیں۔ IFA انگریزی کے علاوہ دیگر ہندوستانی زبانوں میں پروجیکٹس کی حوصلہ افزائ کرتا ہے۔

برائے کرم ہمیں اپنی تجویز کے ساتھ درج ذیل تفصیلات بھیجیں:

- بطور پریکٹیشنرز آپ کا جو موجودہ آرٹ مشق، اس سے جڑے آپ کے خدشات اور آپ کی دلچسپیاں۔
- آرٹس پلیٹ فارم کو پروان چڑھانے یا تیار کرنے کے لیے آپ کا مقصد اور ترغیب۔

- اس آرٹ پلیٹ فارم کے بارے میں جامع تفصیلات جسے آپ بنانا چاہتے ہیں جیسے اس کا مقصد، اس میں شامل شراکت دار اور ساتھی، اور وہ نیٹ ورک، جگہ، مقام، یا لوکیشن جہاں آپ اس کی میزبانی کرنے یا اسے فعال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔
- سرگرمیوں کا تفصیلی ٹائم لائن یا شیڈیول۔
- اس درخواست سے متعلق آپ کے پچھلے کام کی مثالیں۔
- آپ کا سی وی جس میں آپ کا موجودہ ڈاک کا پتہ، فون نمبر، ای میل آئ ڈی شامل ہو۔
- اپنی آخری اور مکمل درخواست ایک ہی ای میل میں جان زاوئرس (John Xaviers) پروگرام آفیسر، آرٹس پریکٹس کو john@indiaifa.org پر بھیجیں، ای میل کا موضوع (subject line) لازمی طور پر یہ ہونا چاہیے:

Project Proposal for Arts Platforms (Arts Practice)

- اپنی تجویز کے حوالے سے کسی بھی قسم کے سوالات یا وضاحت کے لیے برائے مہربانی john@indiaifa.org پر لکھیں۔

## اہلیت (Eligibility)

- صرف ہندوستانی شہری ہی درخواست دے سکتے ہیں۔ اس میں PIO (پی آئی او ہندوستانی نژاد افراد) اور OCI (او سی آئی اوورسیز سٹیزنز آف انڈیا) کارڈ ہولڈرز شامل نہیں ہیں۔
- درخواست گزاروں کے پاس پین کارڈ (PAN CARD) ہونا ضروری ہے، اور شناخت اور شہریت کے ثبوت کے طور پر درج ذیل میں سے کوئی ایک دستاویز ہونا چاہیے۔ ہندوستانی پاسپورٹ، آدھار کارڈ، یا ہندوستانی ووٹر آئی ڈی کارڈ۔
- صرف انفرادی افراد ہی درخواست دے سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی تنظیمیں یا ادارے درخواست دینے کے اہل نہیں نہیں۔
- اگر پروجیکٹس میں کچھ اور لوگ بھی مل کر کام کر رہے ہیں (collaborators) تو ان کا بھی ہندوستانی شہری ہونا ضروری ہے۔
- ایسے افراد جن کا IFA کے ساتھ ماضی میں مالیاتی بدعنوانی یا نادہندگی (financial delinquency) کا ریکارڈ رہا ہو، وہ اہل نہیں ہیں۔
- وہ افراد جو سابقہ IFA گرانٹ کے تحت طے شدہ کام جمع کرانے میں ناکام رہے ہوں، وہ اہل نہیں ہیں۔
- جن افراد کو ماضی میں IFA کی طرف سے کسی بھی وجہ سے مستقبل میں درخواست دینے سے منع کرنے کا خط ملا ہو، وہ درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

- جو افراد فی الحال IFA کی طرف سے نافذکردہ کسی پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں، وہ درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- ایک سے زیادہ افراد تب ہی درخواست دے سکتے ہیں جب ان کا مشترکہ اکاؤنٹ (joint account) ہو۔ اگر ایسا نہیں ہے، تو ان میں سے صرف ایک کو درخواست دینی چاہیے اور باقی لوگوں کو بطور معاون (collaborators) شامل کرنا چاہیے۔

انتخابی عمل (selection process)

شارٹ لسٹ کی گئ تجاویز کا جائزہ ایک بیرونی پینل لےگا، اور درخواست گزاروں کو پینل کے سامنے اپنے پروجیکٹ کے خیالات پیش کرنے ہونگے۔
منتخب کردہ تمام پروجیکٹس کو IFAکے ذریعے نافذ کیا جائے گا۔

اہم تاریخیں (Key Dates)

- آپ 21 اگست 2026 تک IFA کے عملے سے جواب حاصل کرنے کے لیے اپنے سوالات اور ابتدائ خیالات، تحریری، آڈیو یا ویڈیو فارمیٹ میں بھیج سکتے ہیں۔
  - آخری درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ: 31 اگست 2026
  - منتخب پروجیکٹوں کا اعلان: نومبر 2026

براہِ کرم نوٹ کریں کہ IFA ایک ایسا محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہے جو بچوں سمیت ہر ایک کی حمایت، احترام اور تحفظ کرتا ہو۔ درخواست گزار کا اس نظریے کے ساتھ ہم آہنگ ہونا اور ہر وقت اس کی پاسداری کرنا لازمی ہے۔

•